موضوع - 17

# پانی کے ذرائع کا صحیح اور غلط استعمال Use and misuse of water bodies

## مقاصد Objectives

پانی کے استعمال کے طریقہ کار میں تبدیلیاں، پانی کے ذرائع پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہیں۔ اس سے آگہی حاصل کرنا

## پس منظر Background

کسی ندی میں بہنے والے پانی کو کوالٹی اور مقدار اس کے مسلسل استعمال اور فوائد کا تعین کرتے ہیں۔ یا بطور وسیلہ اس کی قدر کا تعین کرتے ہیں۔ کئی انسانی سرگرمیاں جیسے زراعت، صنعتوں کا ناکارہ مادہ اور گھروں سے خارج ہونے والی آلودہ اشیاء ندیوں کو آلودہ کر رہے ہیں۔ بعض اوقات زراعت و دیگر سرگرمیوں کے لیے پانی کو کنال کے ذریعہ دوسری جانب موڑ دیا جاتا ہے۔ جس سے پانی کے بہنے کی شرح گھٹ جاتی ہے۔ چونکہ ندی کا پانی، انسانوں، مویشیوں اور نباتات کے لیے ایک اہم وسیلہ ہے اس لیے اسکا تحفظ کرنا ضروری ہے۔ اور اس کا استعمال بھی اعتدال کے ساتھ کرنا چاہیے۔

## طریقہ کار Methodology



1۔ ایک ندی یا آپ کے علاقے میں موجود پانی کے کسی ذریعہ جیسے جھیل، تالاب وغیرہ کا انتخاب کیجیے۔

2۔ ہندوستان کے نقشہ میں اس کے وقوع کی نشاندہی کیجیے۔

3۔ اگر آپ کسی ندی کو منتخب کیے ہوں تو اس کے بہنے کے راستے کو ہندوستان کے نقشہ پر نشاندہی کیجیے۔ ندی سے متعلق تفصیلات مثلاً اس کا ماخذ یا مبداء، منزل اس کے ساحل پر موجود بڑے شہر وغیرہ کو نقشہ پر ظاہر کیجیے۔



4۔ ندی کا 200 تا 250 کلومیٹر فاصلہ منتخب کیجیے اور شہروں صنعتی اکائیاں جیسے برقی پلانٹ، پارچہ بافی کی صنعتیں، الکوہل و دیگر مشروبات کی صنعتیں جو اس ندی کے کنارے واقع ہیں جو پانی کا استعمال کرنے کے علاوہ اپنی ناکارہ اشیاء اس میں بہا دیتے ہیں۔ ان تمام کی نشاندہی کیجیے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

5۔ کیا کسی مخصوص مقامات زراعت کے لیے ہر پانی کو کنال کے ذریعہ موڑ دیا جاتا ہے۔اس کی نشاندہی بھی کیجیے۔

6۔ معلوم کیجیے کہ پانی کے ذرائع کس طرح آلودہ ہورہے ہیں؟ پانی کے ذرائع میں خارج کی جانے والی بڑی مقدار میں آلودہ اشیاء کون کونسی ہیں؟

7۔ اگر آپ ندی کے علاوہ کسی دیگر ذریعہ کا انتخاب کیے ہیں تو آلودگی سے ان مختلف ماخذوں کے متعلق معلومات اکٹھا کیجیے جو پانی کی کوالٹی کو بگاڑ رہے ہیں۔

8۔ روزنامے، میگزین، سرکاری ایجنسیاں جو River action پلان میں شامل ہیں، NGO's وغیرہ سے آپ معلومات حاصل کرسکتے ہیں

## استدلالی خلاصہ Conclusion

ندیاں نہ صرف تہذیب کی وجہ ہیں بلکہ آلودگی کا سبب بھی بن رہی ہیں۔مثال کے طور پر سرپور کے عوام کی جانب سے گوداوری ندی میں اخراج کردہ ناکارہ مادے سرپور سے کافی فاصلے پر موجود ایٹورونا گارم کی عوام کو متاثر کررہے ہیں۔اور ان دونوں علاقوں کی عوام کے اخراج شدہ آلودہ مادے بھدراچلم اور راجمندری کی عوام کو متاثر کررہے ہیں۔اس طرح جب ہم بالائی علاقے کو نچلے علاقے میں تقابل کرتے ہیں تو بالائی علاقوں سے گردوغبار نچلے حصوں تک پہنچتے ہیں۔سلم بستی کا مطلب یہ نہیں کہ وہاں گندگی ہوتی ہے۔بلکہ وہ جگہ جہاں پر بلندی والے علاقوں سے گندگی آتی ہے اور وہاں لوگ بستے ہیں۔جو کچھ بھی ہو آلودہ مادے پانی اور فضاء کو آلودہ کررہے ہیں۔

آپ کی حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کیجیے اور اپنی جماعت میں پیش کیجیے۔

## مزید کاروائی Follow-up

ایک ایسا چارٹ بنائیے جس میں آبی ذرائع میں آلودگی کے مختلف طریقوں کو بتایا گیا ہو۔اور اس کو اپنے اسکول کے بلٹین بورڈ پر آویزاں کیجیے۔